# تعلقات عامہ دفتر

# جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September 20 2021

**جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر عش امین کیمبرج یونیورسٹی کا ''**

**Space/Subject: Vernaculars of Endurance in Delhi's Slums and Streets"**

**کے موضوع پر لیکچر کا انعقاد**

پریس ریلیز۔شعبہ انگریزی ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی نے ممتاز لیکچر سیریز کا ساتواں لیکچر **Space/Subject: Vernaculars of Endurance in Delhi's Slums and Streets"** کے عنوان سے منعقد کیا۔ پروفیسر عش امین ، شعبہ جغرافیہ کیمبرج یونیورسٹی اور سویڈن ریسرچ کونسل 2021 کے ویزیٹنگ چیئر ،یونیورسٹی آف اپاسلا نے مؤرخہ 17/ ستمبر 2021 بروز جمعہ ہندوستانی وقت کے مطابق شام ۶:۳۰ تا ۷:۳۰ بجے زوم پلیٹ فارم پر یہ خطبہ ارشاد فرمایا۔واضح ہو کہ ممتاز لیکچر سریز وزارتِ تعلیم ،حکومت ہند کی تعلیمی اور تحقیقی اشتراک کے فروغ کی اسکیم (ایس پی اے آرسی ) ہے اور اسے شعبہ انگریزی جامعہ ملیہ اسلامیہ، امریکن اسٹڈیز وزربرگ یونیورسٹی، جرمنی نے دونوں کے درمیان میں جاری علمی اشتراکات کے ضمن میں مشترکہ طور پر منعقد کیا ہے۔

اس پروگرام کا انعقاد محترمہ شردھا اے۔سنگھ،محترمہ زہرا رضوی اور محترمہ سومن بگچندانی پی ایچ ڈی اسکالرز شعبہ انگریزی جامعہ ملیہ اسلامیہ نے منعقد کیا تھا جس میں دنیا بھر سے اسکالروں، طلبا، اور فیکلٹی اراکین نے بڑی تعداد میں انتہائی جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی۔

اسکیم کی ہندوستانی پی آئی پروفیسر سیمی ملہوترا، صدر شعبہ انگریزی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے سامعین کا استقبال کیا اور مدعو مقرر فیکلٹی اراکین ، اسکالر اور طلبا کو مبارک باد دی۔شعبہ انگریزی، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور امریکن اسٹڈیز، ورزبرگ یونیورسٹی جرمنی کے درمیان تعلیمی اشتراک کے ایک حصے کے طور پر جاری ٹاک کے سلسلے میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے ''بیداری اور شعور کے نئے منطقوں :عالم کاری، احساس ماحولیات اور معلومات کی مقامی تہذیب'' وزارت تعلیم کی امداد یافتہ اسپارک (ایس پی اے آرسی ) کی پہل کے متعلق بتایا کہ اس کا مقصد ہندوستان اور دنیا کے اعلی تعلیمی اداروں میں علمی اور تحقیقی اشتراکات کا آسان بنانا ہے۔انھوں نے پھر معزز مقرر پروفیسر عش امین کا تعارف کرایا جن کے لیے کئی مرتبہ سامعین

نے تالیاں بجائیں۔

دہلی کے کسم پور پہاڑی، یمنا پشتہ وغیرہ جیسی تنگ وتاریک گلیوں اوران علاقوں میں تاریک گھروں کے جائزے سے ذہن سازی کی تعمیر کے ضمن میں جسم اور مکان کے باہمی تعامل پر پروفیسر عش امین کا لیکچر مرکوز تھا۔ مہمان مقرر نے ان علاقوں میں رہنے والوں کی دماغی صحت اوران کے بود وباش کے معاملات پر مختلف مذاکرات کاروں سے گفتگو کے بعد نتیجہ اخذ کیا ہے کہ اور جسے وہ ‘

’Vernaculars of Endurance

کہتے ہیں۔ ان خطوں کی زندگی ڈھانچہ جاتی اور ہمسائگی کی آشنائی، مختلف اقسام کی سماجیت اور کمیونٹی کے خیال وتصور جیسے مختلف اور متنوع رنگوں میں گندھی ہوئی ہے۔ پروفیسر عش امین نے اپنے لیکچر میں ان علاقوں میں رہنے والوں کے لیے تربیت فراہم کرنے کے مواقع، طبی سہولیات اور امدادی ڈھانچہ تیار کرنے لیے دیکھ بھال صنعت کی اہمیت پر زور دیا۔

لیکچر کے بعد سوال وجواب کا سیشن تھا جس کی نظامت شعبۂ انگریزی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی پی ایچ ڈی اسکالر محترمہ ان سوسان الیاس نے کی۔ محترمہ ساکشی ڈوگرا نے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

ناظرین کی کثیر تعداد میں شرکت کو یقینی بنانے کے لیے پروگرام کو براہ راست یوٹیوب پر بھی نشر کیا گیا تھا جس میں سو سے زیادہ افراد نے شرکت کی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی